| اہم قومی ومقامی خبریں مورخہ 04-06-2022 | اخبارات |
|---|---|
| 1۔پانی وبجلی کا مسئلہ حل ہونے سے گوادر میں تیز رفتار ترقی ممکن ہوگی،وزیراعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو | جنگ ودیگراخبارات |
| 2۔پڑولیم مصنوعات کی قیمتیں مجبوراً بڑھائیں غریب عوام کومزید ریلیف دینگے،وزیراعظم | مشرق ودیگراخبارات |
| 3۔ہمارے امیدواروں نے مخالفین کے اتحاد سے بھر پور مقابلہ کیا،اکبر آسکانی | جنگ ودیگراخبارات |
| 4۔صوبے کے نامکمل ترقیاتی منصوبوں کوجلد پایہ تکمیل تک پہنچائیں گے،مولانا واسع | جنگ ودیگراخبارات |
| 5۔چالیس سالہ سیاست میں صرف اپنی سرزمین وقوم سے وفاء کی،اسد بلوچ | جنگ ودیگراخبارات |
| 6۔وفاقی اورصوبائی حکومتیں عوامی مسائل حل کرنے کیلئے کام کررہی ہیں،صالح بھوتانی | جنگ ودیگراخبارات |
| 7۔صوبے کے ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل سے عوام کی تقدیر بدل جائے گی،ضیاء لانگو | جنگ ودیگراخبارات |
| 8۔گوادر میں ایسٹ بے ایکسپریس کا افتتاح سی پیک کے تناظر میں ایک اہم سنگ میل ہے،ترجمان دفتر خارجہ | جنگ ودیگراخبارات |
| 9۔بلوچستان اسمبلی کا اجلاس اج سہ پہر تین بجے ہوگا، | جنگ ودیگراخبارات |
| 10۔عوام کومعیاری خوراک کی فراہمی کیلئے فوڈ اتھارٹی کوئی سمجھوتہ نہیں کریگی،ڈی جی فوڈ بلوچستان | مشرق ودیگراخبارات |
| 11۔پاک فوج اورایف سی کے حوصلے ہمیشہ سے بلند ہیں،آئی جی ایف سی ساؤتھ | جنگ ودیگراخبارات |
| 12۔انسداد ہراسگی صوبائی محتسب خواتین اوربلوچستان بار میں سمجھوتہ | جنگ ودیگراخبارات |
| 13۔عام انتخابات کیلئے ملک میں فہرستوں کی اشاعت بلوچستان میں 1473 ڈسپلے سینٹرز قائم | جنگ ودیگراخبارات |
| 14۔سندھ بلوچستان کے محکمہ آبپاشی سیکرٹریز آپس میں الجھ پڑے،قائمہ کمیٹی | 92نیوزودیگراخبارات |
| 15۔محکمہ قانون وپارلیمانی امور کی جانب سے جیل مینول میں ترامیم کی تجاویز | جنگ ودیگراخبارات |
| 16۔پارٹی مقبولیت عوام کے اعتماد کا ثبوت ہے ،ڈاکٹر مالک | آزادی ودیگراخبارات |
| 17۔بلوچستان میں حالیہ قومی وصوبائی اسمبلی کی حلقہ بندیاں معیار کے مطابق نہیں،پشتونخوامیپ | جنگ ودیگراخبارات |

**امن وامان**

پنجگور میں سیکورٹی فورسز کی گاڑی کے قریب دھماکہ 5 اہلکار جاں بحق 3 زخمی،قلات لیویز نے اشتہاری ملزم کوگرفتار کرلیا،دالبدین امتحان دینے کیلئے جانے والے نوجوان کی موٹر سائیکل چوری،اوستہ محمد پولیس نے دور پوش ملزمان کوگرفتار کرلیا،

**عوامی مسائل**

کوہلو شدید خشک سالی نے ڈیرے ڈال دیئے جانور پیاس میں مرنے لگے،نوحصار کے رہائشیوں کا فوڈ اتھارٹی کیخلاف احتجاج،سریاب پولیس تھانہ حکام نے اراضی کوکوڑیوں کے دام فروخت کردی،جیل روڈ کے آس پاس کا علاقہ بنیادی سہولیات سے محروم گندا پانی مکینوں کیلئے وبال جان بن چکا،

---

مورخہ 04-06-2022

**اداریہ**

روزنامہ قدرت کوئٹہ نے " **بلوچستان کی خوشحالی کیلئے وفاق کو مثبت کردار ادا کرنا ہوگا** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے کہا ہے کہ وفاق جب تک بلوچستان کی مدد نہیں کرے گا تب تک یہاں کی حالت نہیں بدلے گی وفاق بجٹ میں بلوچستان کے حوالے سے بڑے دل کا مظاہرہ کریں وفاقی حکومت کو بلوچستان کی ترقی میں اپنا کردار ادا کرنا ہوگا اس موقع پر بلوچستان اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر ملک سکندر ایڈوکیٹ، بلوچستان بار کے منیر احمد کاکڑ بھی موجود تھے وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے کہا کہ محدود وسائل میں رہتے ہوئے وکلاء برادری کو گرانٹ دی وکلاء برادری کے مسائل سے آگاہ ہیں ہر ممکن مدد فراہم کی جائیگی انہوں نے کہا کہ 18 اگست کے واقعہ کو کبھی نہیں بھلایا جاسکتا وکلاء معاشرے کا پڑھا لکھا طبقہ ہے انہوں نے کہا کہ وفاق جب تک بلوچستان کی مدد نہیں کرے گا تب تک یہاں کی حالت نہیں بدلے گی وفاق بجٹ میں بلوچستان کے حوالے سے بڑے دل کا مظاہرہ کریں وفاقی حکومت کو بلوچستان کی ترقی میں اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ وزیراعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو نے پاکستان بار کونسل ہائی کورٹ بار کوئٹہ تربت سبی اور ڈسٹرکٹ بار کیلئے 6 کروڑ 30 لاکھ روپے کی گرانٹ ان ایڈ کے چیک تقسیم کئے۔

**مضامین**

روزنامہ جنگ کوئٹہ نے " **میڈیا اور منصوبہ بندی** " کے عنوان سے اورنگزیب کاسی کا مضمون شائع کیا۔

روزنامہ جنگ کوئٹہ نے " **بلوچستان کے حالیہ بلدیاتی الیکشن** " کے عنوان سے ایوب ملک کا مضمون شائع کیا۔

روزنامہ آزادی کوئٹہ نے " **بلوچستان کے بلدیاتی انتخابات برسوں سے جلتے سلگتے صوبے میں امید کی کرن** " کے عنوان سے مجاہد بریلوی کا مضمون شائع کیا۔

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE OF PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN

نظامت تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily AZADI QUETTA

Bullet No: 1 Dated: 04 JUN 2022 Page # 3

# وزیراعظم کا گوادر کے ہر گھر میں پانی فراہمی کو یقینی بنانے کی ہدایت

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعظم میاں شہباز شریف نے گوادر شہر میں ڈی سیلینیشن پلانٹ لگا کر ہر گھر کو پینے کا صاف پانی مہیا کرنے، اور سولر پینلو کا استعمال کر کے بجلی کی فراہمی کو یقینی بنانے کی ہدایت کی ہے، جمعہ کو وزیراعظم میاں شہباز شریف سے چینی کمپنیوں کے (بقیہ نمبر 24 صفحہ نمبر 2 پر)

وفد نے ملاقات کی وزیراعظم نے انہیں گوادر شہر میں ڈی سیلینیشن پلانٹ لگا کر ہر گھر کو پینے کا صاف پانی مہیا کرنے اور سولر پینلو کا استعمال کر کے بجلی کی فراہمی کو یقینی بنانے کی ہدایت کی علاوہ ازیں انہوں نے گوادر ایئر پورٹ کی جلد از جلد تکمیل اور گوادر پورٹ کو دنیا کی مصروف ترین اور منافع بخش بندرگاہ بنانے پر بھی زور دیا وزیراعظم نے اس مقصد کے لیے چینی سرمایہ کاروں کو ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ انہوں نے وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال کو اس سلسلے میں چینی سرمایہ کاروں کے ساتھ جامع مذاکرات کرنے اور تمام مسائل کے حل کے لیے واضح روڈ میپ تیار کرنے کی ہدایت کی، وزیراعظم نے چائنہ ایڈ کی جانب سے پاکستان میں گوادر کی واٹر ڈی سیلینیشن پراجیکٹ، چکلال گوادر پرائیویٹ لمیٹڈ، چنگ ژی لبریکینٹس پلانٹ، ژین گینگ ایگریکلچرل انڈسٹریل پارک، ہوالا گوادر ایکسپو سینٹر، 3000 ہاؤس ہولڈ سولر پینل، گوادر فرٹیلائزر پلانٹ کے منصوبوں کا سنگ بنیاد بھی رکھا اس موقع پر وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال، وزیر انسداد منشیات نواب زادہ شاہ زین بگٹی، معاونین خصوصی طارق فاطمی اور فہد حسین کے علاوہ دیگر اہم سیاسی شخصیات بھی موجود تھیں

# گوادر کے ماہی گیروں کو کشتیوں کے لئے 2 ہزار انجن فراہم کیے جائیں گے، وزیراعظم

## گوادر میں ماہی گیروں کیلئے چین 3200 سولر پینل فراہم کرے گا

گوادر (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ گوادر کے ماہی گیروں کو کشتیوں کے لئے 2 ہزار انجن فراہم کیے جائیں گے، گوادر میں ماہی گیروں کیلئے چین 3200 سولر پینل فراہم کرے گا یہ بات انہوں نے جمعہ کو گوادر میں ماہی گیروں (بقیہ نمبر 27 صفحہ نمبر 2 پر)

سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ ماہی گیروں کی ترقی اولین ترجیح ہے، ماہی گیروں کی خوشحالی کیلئے ہر ممکن اقدامات کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ ہر گھر میں بجلی کی فراہمی ضروری ہے، گوادر میں ماہی گیروں کیلئے چین 3200 سولر پینل فراہم کرے گا۔ وزیراعظم نے کہا کہ سولر پینل بینکوں کے ذریعے آسان شرائط پر ماہی گیروں کو فراہم کیے جائیں گے، ماہی گیر جتنا بجلی کا بل ادا کرتے ہیں اس سے کم سولر پینل کی قسط ادا کر کے بجلی کی سہولت سے استفادہ کریں گے، جب سولر پینل کی قیمت مکمل ادا ہو جائے گی تو ماہی گیروں کو مفت بجلی ملے گی۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE OF PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN

نظامت تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily JANG QUETTA

Bullet No: 2 Dated: 04 JUN 2022 Page # 6

# انسداد ہراسگی صوبائی محتسب خواتین اور بلوچستان بار میں سمجھوتہ

**معاہدے کے تحت کوئٹہ سمیت بلوچستان کے تمام اضلاع میں بار کونسل کے وکلاء خواتین کی قانونی معاونت و دادرسی کے لئے تعاون کریں گے**

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان میں انسداد ہراسگی کے لئے خاتون محتسب سیکرٹریٹ اور بلوچستان بار کونسل کے مابین باہمی سمجھوتے کی دستاویزات پر دستخط کر دیئے گئے اس معاہدے کے تحت کوئٹہ سمیت بلوچستان کے تمام اضلاع میں بار کونسل کے وکلاء خواتین کی قانونی معاونت و دادرسی کے لئے تعاون کریں گے، جبکہ خواتین وکلاء کی استعداد کار میں اضافے اور بہبود کے لئے خاتون محتسب سیکرٹریٹ تعاون کریگا ایم او یو پر دستخط کی سادہ مگر پروقار تقریب خاتون محتسب سیکرٹریٹ آفس میں منعقد ہوئی جس میں ایم او یو پر صوبائی خاتون محتسب صابرہ اسلام اور بلوچستان بار کونسل کے وائس چیئرمین قاسم گاجیزئی نے دستخط کئے اس موقع پر بلوچستان بار کونسل کے چیئرمین ایگزیکٹو کمیٹی محمد ایوب ترین اور بار کونسل کے چیئرمین بین الصوبائی رابطہ راحب خان بلیدی، محتسب سیکرٹریٹ کے ڈائریکٹر عبدالغنی، قاہر خان غلجی، عبداللہ کاکڑ، رضیہ امان بھی موجود تھے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے صوبائی خاتون محتسب برائے انسداد ہراسگی صابرہ اسلام اور بلوچستان بار کونسل کے وائس چیئرمین قاسم گاجیزئی نے کہا کہ بلوچستان میں خواتین کو انصاف کی فراہمی کے لئے اقدامات کو موثر میں یہ معاہدہ ایک غیر معمولی پیش رفت ثابت ہوگا جس کے تحت صوبائی خاتون محتسب سیکرٹریٹ خواتین پر تشدد، سائبر کرائم سمیت دیگر مقدمات بلوچستان بار کونسل کو ریفر کریگا اس کے علاوہ خواتین وکلاء کی بہبود کے لئے بھی کلیدی کردار ادا کیا جائیگا جبکہ دوسری جانب بلوچستان بار کونسل ہراسگی سے متعلق کیس صوبائی خاتون محتسب سیکرٹریٹ ریفر کریگا، اس کے ساتھ ساتھ صوبائی خاتون محتسب کو پراپرٹی رائٹس ملنے کی صورت میں بلوچستان بار کونسل قانونی معاونت کے لئے وکلاء کا پینل فراہم کریگی تاکہ پراپرٹی سے متعلق مقدمات کے فیصلے انصاف و قانونی تقاضوں کے مطابق نمٹائے جاسکیں، فریقین نے اس بات پر اتفاق کا اظہار کیا کہ ہراسگی سے متعلق زیرو ٹالرنس پالیسی پر گامزن ہوتے ہوئے ہراسرز کے خلاف بھرپور قانونی کارروائی کی جائیگی اور ہراسگی سے متعلق اقدامات پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائیگا۔

# عام انتخابات کیلئے ملک بھر میں فہرستوں کی اشاعت، بلوچستان میں 1473 ڈسپلے سینٹرز قائم

**ڈسپلے سینٹرز 19 جون 2022ء تک کھلے رہیں گے، کسی اہل فرد کا ووٹ درج نہیں تو وہ شناختی کارڈ کے پتے کے مطابق ووٹ درج کرواسکتا ہے**

**کسی غیر متعلقہ یا فوت شدہ ووٹر کے ووٹ کا اخراج اور شناختی کارڈ کے کوائف کی درستگی بھی کروائی جاسکتی ہے، الیکشن کمیشن آف پاکستان**

کوئٹہ (این این آئی) الیکشن کمیشن آف پاکستان نے عام انتخابات کے لئے ملک بھر میں غیر حتمی انتخابی فہرستوں کی اشاعت کے لئے ملک بھر میں ڈسپلے سینٹر قائم کر دیئے ہیں۔ جس میں غیر حتمی انتخابی فہرستیں عوام الناس کے معائنہ کے لئے رکھی گئی ہیں۔ اس

بقیہ نمبر 3 1 صفحہ 7 پر

دوران ووٹرز اپنے اور اپنے اہل خانہ کے ناموں کے اندراج اور کوائف کی جانچ پڑتال کر سکتے ہیں۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE OF PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN

نظامت تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily MASHRIQ QUETTA

Bullet No: 3 Dated: 04 JUN 2022 Page # 9

# بلوچستان میں حالیہ قومی وصوبائی اسمبلی کی حلقہ بندیاں معیار کے مطابق نہیں، پشتونخوا میپ

پشتون اضلاع کے حلقے زیادہ آبادی پر اور بلوچ اضلاع کے حلقے کم آبادی پر تشکیل دیئے گئے یہ سب کچھ ریکارڈ کا حصہ ہیں

قومی وصوبائی کے ایک لاکھ 60ہزار اور ایک لاکھ 67ہزار جیسے آبادی پر مشتمل حلقہ جات کو ختم کرنا قانون کی پامالی ہے، بیان

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ کے جاری کردہ پریس ریلیز میں کہا گیا ہے کہ الیکشن کمیشن کی جانب سے صوبے میں حالیہ قومی اور صوبائی اسمبلی کی حلقہ بندیاں یکساں معیار کے مطابق نہیں، پشتون اضلاع ایک لاکھ 60ہزار اور ایک لاکھ 67ہزار جیسے آبادی اور اضلاع پر مشتمل حلقہ جات کو ختم کرنا بلوچ علاقوں میں ایک لاکھ 21ہزار اور ایک لاکھ 48ہزار جیسے آبادی اور اضلاع پر......

بقیہ نمبر 38 صفحہ 10 پر

مشتمل حلقہ جات کو برقرار رکھنا اور اسی طرح بلوچ اکثریتی حلقہ جات کو کم آبادی پر قائم کرنا اور پشتون اضلاع کو زیادہ آبادی پر قائم کیا گیا ہے جو معیار، رولز اور قانون کی مکمل پامالی ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ گذشتہ کئی دہائیوں سے مشترکہ صوبے بلوچستان میں پشتون صحیح مردم شماری کے انسانی بنیادی حق سے محروم ہیں اور اس کے خلاف پارٹی کا احتجاج اور بائیکاٹ ریکارڈ کا حصہ ہے اور گزشتہ مردم شماری 2017 پر بھی پشتونخوامیپ اور ایم کیو ایم کا اعتراض قومی اسمبلی کے ریکارڈ میں موجود ہیں۔ لیکن یہ مسئلہ جوں کا توں ہیں۔

CLIPPING SERVICE
DIRECTORATE OF PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN
نظامت تعلقات عامہ حکومت بلوچستان
Daily INTEKHAB QUETTA
Bullet No: 4 Dated: 04 JUN 2022 Page # 10

# پنجگور میں سیکورٹی فورسز کی گاڑی کے قریب دھماکہ 5 اہلکار جاں بحق، 3 زخمی

## پروم میں سیکورٹی فورسز کی گشت پر مامور گاڑی کے قریب سڑک کنارہ نصب آئی ڈی دھماکہ زخمیوں کو ہسپتال منتقل کردیا گیا

## سیکورٹی فورسز نے واقعہ کی اطلاع ملتے ہی جائے وقوعہ پر پہنچ کر علاقے کو گھیرے میں لیکر شواہد اکٹھے کئے، مزید کارروائی جاری ہے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے ضلع پنجگور میں سیکورٹی فورسز کی گاڑی کے قریب دھماکہ، 5 اہلکار جاں بحق 3 زخمی ہوگئے، سیکورٹی فورسز ذرائع کے مطابق جمعہ کو پنجگور کے علاقے پروم میں سیکورٹی فورسز کی گشت پر مامور گاڑی کے قریب سڑک کنارے بقیہ نمبر 9 صفحہ 7 پر

نصب آئی ڈی دھماکہ ہوا جس کے نتیجے میں لانس نائیک امین اکرم، سپاہی تحسین، سپاہی افرین عباس، سپاہی امین، سپاہی عمر جاں بحق جبکہ لانس نائیک شہزاد اقبال، لانس نائیک سعید انور، سپاہی محمد اعجاز زخمی ہوگئے، سیکورٹی فورسز نے واقعہ کی اطلاع ملتے ہی جائے وقوعہ پر پہنچ کر علاقے کو گھیرے میں لیکر شواہد اکٹھے کر لئے

## دالبندین، امتحان دینے کیلئے جانیوالے نوجوان کی موٹر سائیکل چوری

دالبندین (نامہ نگار) ایف اے کا امتحان دینے والا نوجوان موٹر سائیکل سے محروم، تفصیلات کے مطابق خواجی خان نامی نوجوان ڈگری کالج دالبندین کے سینٹر میں ایف اے کا امتحان دینے ہال کے اندر گیا اور بقیہ نمبر 63 صفحہ 7 پر

اپنی موٹر سائیکل ہال کے باہر کھڑی کر دی مذکورہ نوجوان جب پیپر دینے کے بعد ہال سے باہر نکل آیا تو اپنی موٹر سائیکل کو غائب پایا جسے نامعلوم چور چرا کر فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے متاثرہ نوجوان نے چوروں کو گرفتار کرنے اور موٹر سائیکل کی برآمدگی کا مطالبہ کر دیا ہے۔

## قلات لیویز نے اشتہاری ملزم کو گرفتار کرلیا

قلات (آئی این پی) قلات لیویز فورس کی کارروائی، ایک نامزد اشتہاری ملزم گرفتار، لیویز ذرائع کے مطابق ڈپٹی کمشنر قلات مہر اللہ بادینی، اسسٹنٹ کمشنر قلات جہانزیب بلوچ کی خصوصی ہدایات پر لاان آفیسر لیویز لاان قلات جان محمد لانگو کی نگرانی میں نائب رسالدار عبدالکریم مینگل نے دیگر لیویز جوانوں بقیہ نمبر 40 صفحہ 7 پر

کے ہمراہ بازار میں چھاپہ مار کر مقدمہ فرد نمبر 09/2022 جرم 427-430-447۔ 34 ت پ لیویز تھانہ قلات کے نامزد اشتہاری ملزم محمد عمر ولد اللہ بخش قوم ٹنگ سکنہ حال شاہ وزیری تحصیل و ضلع قلات کو گرفتار کرلیا۔ ملزم سے لیویز تھانہ قلات میں مزید تفتیش جاری ہے۔

## اوستہ محمد پولیس نے دوروپوش ملزمان کو گرفتار کرلیا

اوستہ محمد (آن لائن) انسپکٹر جنرل آف پولیس بلوچستان و ڈی آئی جی نصیرآباد کیپٹن (ر) پرویز احمد چانڈیو کی خصوصی ہدایات پر ایس ایس پی جعفرآباد محمد جواد طارق کے احکامات پر عملدرآمد کرتے ہوئے سب انسپکٹر عبدالروف جمالی ایس ایچ او پولیس تھانہ ڈیرہ بقیہ نمبر 59 صفحہ 7 پر

اللہ یار نے روپوش ملزمان عبدالغفار ولد خیر محمد 02 غلام علی عرف علی محمد اقوام خوناری ساکنان ڈیرہ اللہ یار کو گرفتار کیا گیا۔ مزید پولیس کارروائی کر رہی ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE OF PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN

نظامت تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily MASHRIQ QUETTA

Bullet No: 5 Dated: 04 JUN 2022 Page # 11

# کوہلو میں شدید خشک سالی نے ڈیرے ڈال دیئے جانور پیاس سے مرنے لگے

بلوچستان میں ترقی کے بلند بانگ دعووں کے باوجود گزشتہ دو دہائیوں سے پسماندہ علاقوں کے عوام آج بھی زندگی کی بنیادی سہولیات سے محروم ہیں

کئی مہینوں سے بارشیں نہ ہونے سے اب جوہڑوں اور کچے تالابوں میں بارشوں کا جمع پانی بھی ختم ہو چکا ہے لوگوں کو شدید دشواریوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے، رپورٹ

کوہلو (این این آئی) کوہلو کے مختلف علاقوں میں شدید خشک سالی نے ڈیرے ڈال دیئے ہیں، تحصیل کاہان کے مختلف علاقوں تساڑ، جنت علی، سیریں کور، تحصیل ماوند کے کوہ تھدڑی، کوہ رسترانی، نیلی، حقیدہ، کی گوریح جبکہ تحصیل کوہلو میں کوہ جاندران، پیڑوکرسی، بہاولنگ سمیت ملحقہ علاقے شدید خشک سالی کی لپیٹ میں ہیں مقامی لوگوں کے مطابق گزشتہ دو سال سے ان علاقوں میں بارشیں نہ ہونے کے باعث شدید خشک سالی کے ڈیرے ہیں جس کے نتیجے میں بارشوں کا پانی ختم ہونے سے مقامی لوگ پینے کے پانی کی بوند بوند کے لئے سرگرداں ہیں جبکہ مختلف علاقوں میں انسانوں اور جانوروں کو جانوں کے لالے پڑ گئے ہیں گزشتہ کئی ہفتوں کے دوران کاہان، ماوند کے مختلف علاقوں میں متعدد جانور پانی کی جوہڑیں خشک ہونے، پہاڑوں میں گھاس ختم ہونے اور شدید خشک سالی کے نتیجے میں ہلاک ہوچکے ہیں مقامی لوگوں نے خبررساں ادارے کو بتایا کہ گزشتہ دو دہائی سے صوبے میں ترقی کے بلند بانگ دعووں کے باوجود آج بھی ان علاقوں میں دیگر بنیادی سہولیات تو رہے ایک طرف انسان اور جانور بارشوں کے پانی پر گزر بسر کرتے ہیں مگر علاقے میں حالیہ برسوں میں بارشیں معمول سے کم ہونے کی وجہ سے یہاں کے لوگوں کو خشک سالی کا سامنا ہے کئی مہینوں سے بارشیں نہ ہونے سے اب جوہڑوں اور کچے تالابوں میں بارشوں کا جمع پانی بھی ختم ہوچکا ہے جس سے جہاں لوگوں کے مشکلات میں اضافہ ہوا ہے وہی پانی نہ ہونے اور مال مویشیوں کے مرنے سے علاقے میں مقامی لوگ نقل مکانی کرنے پر مجبور ہیں اب تو سینکڑوں کلومیٹر پر گھاٹ کا کھارا اور آلودہ پانی بھی دستیاب نہیں ہے کہ جس سے دور دراز علاقوں میں بسے لوگوں اور جانوروں کا گزر بسر ممکن ہوتا۔ تحصیل کاہان اور ماوند کے مقامی لوگوں نے وزیر اعلیٰ عبدالقدوس بزنجو، ڈائریکٹر جنرل پی ڈی ایم اے، صوبائی وزیر میر نصیب اللہ مری سے علاقے میں شدید خشک سالی سے نمٹنے کیلئے فوری طور پر ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کا مطالبہ کیا ہے جبکہ علمائے کرام سے بارشوں کے لئے خصوصی دعاوں کی درخواست کی ہے۔

INTEKHAB QUETTA

## نوحصار کے رہائشیوں کا فوڈ اتھارٹی کیخلاف احتجاج

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ کے نواحی علاقے نوحصار کے رہائشیوں نے جمعہ کو فوڈ اتھارٹی کے نامناسب رویئے اور فصلوں کو تلف کرنے کے خلاف احتجاجی مظاہرہ کیا مظاہرین سے زمیندار ایکشن کمیٹی و مرکزی جوائنٹ سیکرٹری انجمن تاجران بلوچستان حاجی بقیہ نمبر61 صفحہ 7 پر

ظہور کاکڑ، حاجی بشیر خان، حاجی اجمل کاکڑ، حاجی خان کاکڑ، حاجی طور جان نورزئی، حاجی راز محمد پوپلزئی اور دیگر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ نوحصار میں زمینداروں نے صاف پانی سے سبزیاں اور دیگر فصلیں کاشت کر رکھی ہیں جنہیں فوڈ اتھارٹی کے عملے نے بغیر کسی وجہ کے تلف کر دیا جس سے زمینداروں کو لاکھوں روپے کا نقصان ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ فوڈ اتھارٹی کے اہلکار زمینداروں کو بلاوجہ تنگ کرتے ہیں اور ان سے رشوت طلب کرتے ہیں رشوت نہ دینے پر فوڈ اتھارٹی کی عملے کی جانب سے ہماری صاف پانی سے اگائی جانے والی فصلوں کو جان بوجھ کر تلف کیا جاتا ہے صوبائی حکومت فوری اسکا نوٹس لے۔

AZADI QUETTA

## سریاب پولیس تھانہ حکام نے اراضی کو کوڑیوں کے دام فروخت کردی

### عوامی حلقوں کی مذمت ایس ایچ او کے خلاف کارروائی کا مطالبہ

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان بہبود پلیٹ فارم کے صدر ملک نثار احمد شاہوانی نے کہا ہے کہ موضع خشکابہ سریاب حبہ شاہ زیزئی انڈسٹریل اسٹیٹ مشرقی بائی پاس کی اربوں روپے کی زمینوں کو ایس ایچ او تھانہ منظور شہید کی جانب سے لینڈ مافیا کوڑیوں کے بھاؤ (بقیہ نمبر26 صفحہ نمبر7 پر)

فروخت کرنے کا نوٹس لیا جائے اور ایس ایچ او کو معطل کر کے تعمیرات کو گرایا جائے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں ملک نثار احمد شاہوانی نے کہا کہ ملکیتی اراضیات بر خسرہ نمبر1086 تا 1091 اور 1111 مالک صوبائی حکومت بلوچستان اور ہم بر گران چلے آرہے ہیں جو کہ موضع خشکابہ کے باب حبہ شاہ زیزئی انڈسٹریل اسٹیٹ مشرقی بائی پاس تحصیل و ضلع کوئٹہ واقع ہے ایس ایچ او تھانہ منظور شہید لینڈ مافیا کے ذریعے اربوں روپے کی جائیداد کوڑیوں کے بھاؤ فروخت کا سلسلہ جاری رکھے ہوئے ہیں ان اراضیات کی بابت 2013ء سے مقدمات بلوچستان ہائیکورٹ میں "بعنوان سول نگرانی نمبر 123/2013 بلوچستان بنام نصیر احمد وغیرہ (11) معنول نگرانی نمبر 133-2013 نصیر احمد وغیرہ بنام مہد انور وغیرہ کی زیر سماعت ہیں" اور موجودہ حالت برقرار رکھنے کے احکامات ہیں اس بابت ایس ایچ او کو باقاعدہ طور پر تحریری مراسلہ جات لکھے گئے نقشہ موقع پر نشاندہی بھی کرائی گئی اور اسسٹنٹ کمشنر کے ذریعے مراسلہ سینئر سپرنٹنڈنٹ پولیس سے تعمیل کرائی گئی کہ اراضیات پر تعمیرات جاری ہیں اسے روکا جائے مگر کوئی عملدرآمد نہیں ہوسکا صوبائی حکومت اور آئی جی پولیس فوری طور پر ایس ایچ او کو معطل کریں اور تعمیرات کو مسمار کرنے کے احکامات جاری کریں۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE OF PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN

نظامت تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily JANG QUETTA

Bullet No: 6 Dated: 04 JUN 2022 Page # 13

# میڈیا اور منصوبہ بندی

اورنگزیب کاسی/ڈی جی پی آر



ٹیکنالوجی کے انقلاب نے انسانی فکر پر حیران کن اثرات مرتب کیے ہیں اور مختلف شعبوں میں انقلابی تبدیلیوں کو واضح طور پر دیکھا جا سکتا ہے مواصلات کے شعبے میں ہونے والی ترقی نے انسانی تاریخ میں پہلی بار اطلاعات کے شعبے کو نہایت متحرک اور اہم بنا دیا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ 21ویں صدی کو انفارمیشن ٹیکنالوجی کا عہد بھی کہا جاتا ہے۔ اطلاعات کے ذرائع میں اضافے کے ساتھ ساتھ تحقیق اور تجزیہ کی اہمیت میں منطقی طور پر اضافہ ہوا ہے۔ اطلاعات کی بھرمار نے انسان کو اچھی، بری، ضروری اور غیر ضروری معلومات میں تمیز کا طرف مائل کیا ہے اور آہستہ آہستہ اطلاعات کے علم نے ایک باقاعدہ سائنس کی شکل اختیار کرلی ہے انفارمیشن لٹریسی (اطلاعاتی خواندگی) کو آج دنیا کے ترقی یافتہ ملکوں میں باقاعدہ علم کے طور پر دیکھا جاتا ہے اور بعض ملکوں میں انفارمیشن لٹریسی یونیورسٹی کے نصاب میں شامل ہے۔ آج کے دور میں تعلیمی اداروں، دفاتر، گھروں اور لائبریریوں کو الیکٹرانک ٹیکنالوجیز سے آراستہ کرنا کافی نہیں طلباء اور اساتذہ اہلکاروں اور دیگر افراد کو اطلاعات کے اس طوفان کا سامنا کرنے کی صلاحیت سے بھی مزین کرنا ہوگا جو ان ٹیکنالوجیز کے استعمال کے نتیجے میں امڈ آئے گا۔ استاد، کتاب یا دیگر روایتی ذرائع سے حاصل ہونے والی معلومات کے مقابلے میں انٹرنیٹ جب اطلاعات و معلومات کا انبار لگا دے تو طالبعلم یا کسی دوسرے شخص کیلئے ضروری اور موثر اطلاع کا انتخاب کرنا دشوار ہو جاتا ہے اور اس وقت اس ہنر کی ضرورت ہوتی ہے جو آپ کی اپنی ضرورت کے مطابق اطلاع کے حصول میں مدد دیتا ہے۔ اطلاعاتی خواندگی کی اصطلاح اطلاعات تک رسائی اس کا تجزیہ کرنے اسے منظم کرنے اسے کسی بھی متعین مقصد کیلئے استعمال میں لانے کی صلاحیت کو انفارمیشن لیٹریسی کہتے ہیں۔ اطلاعاتی خواندہ شخص وہ ہے جو ضرورت کے مطابق اطلاع کا تعین کرنے اس کے مناسب ذرائع کا اختیار کرنے اطلاعات تک رسائی ان کے حصول اور ان کے درست استعمال کی صلاحیت رکھتا ہو۔ اس بات کا فیصلہ کرنے کی لیاقت لازمی ہے کہ اطلاع کتنی حقیقی یا کتنی سودمند ہو سکتی ہے۔ اطلاعاتی خواندگی دراصل اطلاعات کے پورے نظام سے آگاہی کا نام ہے کسی مقصد یا مقاصد کے تعین اور اس کی تشہیر میں اطلاعاتی خواندگی کو کلیدی اہمیت حاصل ہے۔ آج کا عہد صرف ٹیکنالوجی ہی نہیں زندگی کے مختلف شعبوں مثلاً تاریخ، سیاست خیالات اور اعمال میں زبردست تبدیلیوں کا عہد ہے ہمہ جہت تبدیلی کے اس عہد میں نئی حقیقتوں کو پرکھنا اور ضرورت کے مطابق ان کی تشہیر کرنا آج کسی بھی میڈیا پلان کی تیاری اور اس پر عملدرآمد کیلئے ضروری ہے۔ ہم اپنے حوالے سے دیکھیں تو وسط ایشیائی ملکوں کی آزادی کے بعد عالمی قوتوں کی اس خطے میں دلچسپی غیر معمولی طور پر بڑھی ہے۔ بلوچستان اور خاص طور سے اسکی ساحلی پٹی کی تجارتی اور تزویراتی اہمیت میں کئی گنا اضافہ ہوگیا ہے صورتحال کی اس تبدیلی نے ہمارے لئے بیک وقت چیلنجز اور مواقع پیدا کیئے ہیں لہذا ہمیں کسی بھی میڈیا پالیسی یا پلان کی تیاری کیلئے تمام مواقع اور چیلنجوں کو اچھی طرح سمجھنا، ان کا تجزیہ کرنا اور مفید اور مضر اجزاء کو الگ الگ کرنا ضروری ہے۔ قدرتی گیس اور معدنی دولت سے مالا مال علاقہ ایک جانب اہم بین الاقوامی تجارتی مرکز بننے جا رہا ہے جبکہ دوسری جانب بڑی قوتوں کے مفادات میں ٹکراؤ کے باعث صورتحال دھماکہ خیز بھی ہو رہی ہے خطرات اور مواقع پر مشتمل اس چیلنج کا سامنا کرنے، ترقی کی راہ پر سفر جاری رکھنے، بلوچستان اور اس کے عوام کو اس کے ثمرات سے مستفید کرنے اور صوبے کے عوام کے جائز تحفظات کو دور کرنے کیلئے ایک جامع اور متحرک میڈیا پلان وقت کی اہم ضرورت ہے۔ ملک اور صوبے کو درپیش اہم ترین چیلنجز کی نشاندہی اور ان سے کامیابی کے ساتھ نمٹنے کیلئے حکومتی کاوشوں کو بارآور بنانے کی غرض سے ہمیں پرنٹ، الیکٹرانک اور سوشل میڈیا کے مختلف شعبوں کے درمیان باہمی اشتراک و تعاون کو فروغ دینے کی ضرورت ہے۔ مختلف قوتوں کے متضاد مفادات کے باعث اس وقت ذرائع ابلاغ میں ترقیاتی عمل اور سرمایہ کاری مخالف پروپیگنڈا زوروں پر ہے ایسی صورت میں سرکاری میڈیا منیجرز کی ذمہ داری ہے کہ غیر حقیقی اور مضر معلومات کی نشاندہی کریں اور درست اور مفید اور روح کے مطابق ہم آہنگ مواد کی تیاری کریں میڈیا کے ذرائع کے ساتھ اسے شیئر کریں اور تعاون و اشتراک کی بنیاد پر ایک درست مفید اور قابل عمل میڈیا پلان پر عملدرآمد کریں۔ میڈیا دیگر صنعتوں سے کئی لحاظ سے مختلف ہے دوسری صنعتوں میں کام کرنے والوں کے مقابلہ میں میڈیا میں کام کرنے والے یا عامل صحافی اپنے فرائض کی ادائیگی میں نسبتاً آزاد ہوتے ہیں اور یہی وجہ ہے کہ میڈیا میں مثبت اور تعمیری مقاصد کا حصول نسبتاً آسان ہوتا ہے۔ یہ امر باعث افسوس ہے کہ تیزی سے بدلتی ہوئی عالمی اور علاقائی صورتحال کو سمجھنے اور ان سے نمٹنے کیلئے جس صلاحیت، منصوبہ بندی اور ہنرمندی کی ضرورت ہے اس میں کمی محسوس کی جاتی ہے لہذا صوبہ کی ترقی اور عوام کی خوشحالی کے مقاصد حاصل کرنے، امن وامان برقرار رکھنے اور بہتر مستقبل کو یقینی بنانے کیلئے ضروری ہے کہ اطلاعاتی خواندگی کو فروغ دیا جائے صحیح اور غلط اطلاعات میں تمیز کا شعور بڑھایا جائے اور اپنی ضرورت کے مطابق متعین اہداف کے حصول کیلئے بہترین منصوبہ بندی کرکے اس پر عملدرآمد کیا جائے۔

CLIPPING SERVICE
DIRECTORATE OF PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN
نظامت تعلقات عامہ حکومت بلوچستان
Daily JANG QUETTA
Bullet No: 7 Dated: 04 JUN 2022 Page # 14

# بلوچستان کے حالیہ بلدیاتی الیکشن



ایوب ملک

☆☆☆

بلوچستان میں حالیہ بلدیاتی الیکشن میں لوگوں نے بہت بڑی تعداد میں ووٹ ڈالے جس سے اس حقیقت کو بہت تقویت ملتی ہے کہ بلوچستان کے مسائل کا حل صرف اور صرف بات چیت میں ہی پنہاں ہے۔ مبصرین کا خیال ہے کہ حالیہ بلدیاتی الیکشن میں نیوٹرلز نے کوئی مداخلت نہیں کی اور یوں 2018 کے الیکشن میں نیشنل پارٹی اور پختون خوا ملی عوامی پارٹی جو سیاست سے باہر کردی گئی تھیں، حالیہ بلدیاتی الیکشن میں پھر سے بڑی سیاسی پارٹیاں بن کر ابھری ہیں۔ پورے صوبے میں شدید گرمی کے باوجود مجموعی طور پر ووٹ ڈالنے کی شرح پچاس سے ساٹھ فیصد رہی لیکن تربت میں یہ شرح ساٹھ فیصد سے بھی زیادہ تھی جہاں عورتوں نے بڑھ چڑھ کر نہ صرف ووٹ ڈالے بلکہ الیکشن میں بطور امیدوار حصہ بھی لیا۔ 1988 کے بعد یہ بلوچستان میں ڈالے جانے والے ووٹوں کی سب سے بڑی شرح ہے۔ اس الیکشن کی ایک خاص بات یہ بھی ہے کہ ایک عام سیاسی ورکر مولانا ہدایت الرحمان کی "حق دو" تحریک نے گوادر کے الیکشن میں کلین سویپ کیا۔ گوکہ مولانا کا تعلق جماعت اسلامی سے ہے لیکن انہوں نے یہ الیکشن نہ تو جماعت اسلامی کے پلیٹ فارم سے لڑا اور نہ ہی جماعت اسلامی کے نعروں اور استعاروں کو اپنی انتخابی مہم میں استعمال کیا بلکہ انکی ساری انتخابی مہم قوم پرستوں اور کمیونسٹوں کی طرح تھی۔ انکے مقابلے میں چھ سیاسی پارٹیوں نے اتحاد بھی کرلیا لیکن وہ ابھرتے ہوئے عوامی سیاسی شعور کا مقابلہ نہ کرسکیں کیونکہ مولانا نے گوادر میں فشر مین کے ساتھ ساتھ عام آدمی کے مسائل اور افسر شاہی اور سرداری نظام کے خلاف کھل کر آواز اٹھائی اور اپنے ارب پتی مخالفین کو زیر کرکے یہ ثابت کردیا کہ اس سرزمین پر مسائل کا حل بندوق کی نوک یا اربوں روپے خرچ کرنے میں نہیں بلکہ عوام کو سیاسی شعور دے کر ایک پلیٹ فارم پر متحد کرنے میں ہے۔ 2018ء کے الیکشن میں ہرائی جانے والی، عام ورکروں کی نیشنل پارٹی نے تربت، پنجگور، آواران اور خضدار کے الیکشن جیت کر یہ ثابت کردیا ہے کہ بلوچستان کے عوام اب بھی اپنے مسائل کے حل کیلئے وفاق کی سیاست کرنا چاہتے ہیں اور اس بات کی اشد ضرورت ہے کہ ڈاکٹر مالک کے زمانے میں جلاوطن بلوچ رہنماؤں سے جس مقام پر مذاکرات تعطل کا شکار ہوئے تھے، وہیں سے دوبارہ شروع کیے جائیں اور تمام اسٹیک ہولڈرز کو ساتھ لے کر آگے بڑھا جائے۔ ارباب اختیار کا انتخابات میں نیوٹرل ہونا ہی کافی نہیں بلکہ انہیں تاریخ سے یہ سبق حاصل کرنا ہوگا کہ پاکستان میں موجود قوموں اور خاص طور پر محروم قوموں کو انکے حقوق دیے بغیر بلوچستان کو پاکستان کے ساتھ مربوط نہیں کیا جاسکے گا۔ یاد رہے کہ یہ ملک پنجابی، پٹھان، بلوچ، سندھی اور سرائیکی قوموں کا ایک وفاق ہے جن کی پانچ پانچ ہزار سالہ تاریخ ہے اور جو زبان، ثقافت، جغرافیہ، تہذیب و تمدن سے مالا مال ہیں۔

وزیراعظم شہباز شریف نے اپنے اقتدار کے پہلے ہفتے میں ہی بلوچستان کا دورہ کیا اور بلوچستان کے سب سے بڑے مسئلے یعنی لاپتا افراد کی بازیابی کیلئے اپنی کاوشیں بروئے کار لانے کا عندیہ دیا جس سے یہ اندازہ لگایا جاسکتا تھا کہ یہ حکومت بلوچستان کے مسائل کا سیاسی حل نکالنے کی کوشش کرے گی۔ حال ہی میں اسلام آباد ہائی کورٹ کے چیف جسٹس نے لاپتا افراد کے مقدمے میں ایک تاریخی فیصلہ دیتے ہوئے گمشدہ افراد کی بازیابی کیلئے ایک کمیشن کا اعلان کیا جس کے سربراہ سینیٹ کے چیئرمین اور جس کے ممبران میں پاکستان کے مایہ ناز دانشور اور عمائدین شامل تھے۔ شہباز شریف کی لاپتہ افراد کی بازیابی میں دلچسپی سے یہ سمجھا جا رہا تھا کہ حکومت وقت کمیشن کے ساتھ پورا تعاون کرے گی تاکہ بلوچستان کے عوام کے اس دیرینہ مطالبہ کا کوئی قانونی حل نکل سکے، لیکن سیاسی حلقوں میں اس وقت مایوسی پھیل گئی جب وفاقی حکومت نے گمشدہ افراد کی بازیابی کے اس کمیشن کو سپریم کورٹ میں چیلنج کردیا۔ حال ہی میں شہباز شریف کی حکومت نے جبری گمشدگیوں سے متعلق ایک واضح پالیسی کا اعلان کرتے ہوئے ایک سات رکنی وفاقی وزراء کی کمیٹی تشکیل دی ہے۔ اس کمیٹی کے سربراہ وفاقی وزیر قانون اعظم تارڑ ہوں گے جبکہ رانا ثنا اللہ، شازیہ مری، اسد محمود، محمد اسرار ترین، فیصل علی سبزواری اور آغا حسن بلوچ اس کمیٹی کے رکن ہوں گے جو اپنی سفارشات وفاقی کابینہ کو پیش کرے گی۔ اس سے پہلے تحریک انصاف کی حکومت نے شہریوں کو لاپتہ کرنے کے اقدام کو فوجداری جرم قرار دینے کا مسودہ قومی اسمبلی سے منظور کروا لیا تھا اور پھر اچانک انکشاف ہوا کہ یہ بل قانونی شکل اختیار کرنے سے پہلے ہی سینیٹ سے لاپتہ ہوگیا۔ اس اعلیٰ سطحی کمیٹی کو چاہیے کہ اس بل کو قانونی شکل دے کر شہریوں کے لاپتہ ہونے کو فوجداری جرم قرار دے۔ اس کمیٹی کو چاہیے کہ وہ بلوچستان کے ہر ضلع کا دورہ کریں اور لاپتہ افراد کے لواحقین سے ملاقات کرے۔ یہ کمیٹی بے گناہ افراد کو رہا کرنے کی سفارشات مرتب کرے اور باقی گم شدہ لوگوں کو سول عدالتوں میں پیش کرے۔ یہ کمیٹی ایک ایسا واضح قانون تیار کرے کہ آئندہ کوئی پاکستانی لاپتہ نہ ہوسکے۔ یاد رہے کہ اس سے پہلے بھی سپریم کورٹ کے ریٹائرڈ جج جاوید اقبال کے زیر سرپرستی ایک کمیشن بنایا گیا تھا جس نے سال ہا سال اپنی کارروائیاں کیں لیکن انسانی حقوق کے اداروں نے انکی کارکردگی پر شدید تنقید کی۔ حکومت کو چاہیے کہ جس طرح اس نے ٹی ٹی پی کے ساتھ معاہدہ کرتے ہوئے انکے لیے عام معافی کا مشروط اعلان کیا ہے اسی طرح جلاوطن بلوچ رہنماؤں اور گمشدہ افراد کی عام معافی کا فوری اعلان کرے تاکہ پاکستان کی وفاقیت کو مضبوط کیا جاسکے۔

(کالم نگار کے نام کیساتھ ایس ایم ایس اور واٹس ایپ رائے دیں 00923004647998)

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE OF PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN

نظامت تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily AZADI QUETTA

Bullet No: 7 Dated: 04 JUN 2022 Page # 16

# بلوچستان کے بلدیاتی انتخابات: برسوں سے جلتے سلگتے صوبے میں امید کی کرن

**مجاہد بریلوی**

26 اپریل کو کراچی میں پہلی بلوچ خاتون خودکش حملہ آور نے کنفیوشس انسٹی ٹیوٹ کے اساتذہ پر خودکش حملہ کیا۔ دھماکے سے پہلے حملہ آور کی وکٹری کا نشان بناتی تصویر وائرل ہوئی تو میں اسی شام میں ایک سینئر بلوچ نیشنلسٹ کے ساتھ شام کا پہلا پہر گزار رہا تھا۔ اس وقت ایک دو نجی چینلوں نے جب چینی اساتذہ کے خودکش حملے میں مارے جانے کے بارے میں سطحی سوال کیے تو بزعم خود برسوں سے بلوچستان کے سیاسی سرد و گرم سے آشنا ہونے کے باوجود اس حوالے سے میری معلومات بڑی غریب تھیں۔ منٹوں بعد جب مکران سے تعلق رکھنے والے بلوچ دوست نے تفصیل سے حملہ آور کے سیاسی اور خاندانی پس منظر کے بارے میں بتانا شروع کیا تو میں 'صدمے' میں چلا گیا۔ وہ حملہ آور بلوچستان کے ایک ممتاز دانشور غنی پرواز کی قریبی رشتہ دار تھی۔

میرے سینئر بلوچ نیشنلسٹ دوست نے کہا کہ اگلے ماہ بلدیاتی انتخابات ہو رہے ہیں، دعا کریں خیر سے گزر جائیں۔ سو 29 مئی کی شام ہی سے انتخابی نتائج سے زیادہ میری توجہ اسکرینوں پر اس حوالے سے تھی کہ کیا یہ انتخابات بی ایل اے سمیت 3 بڑی مزاحمتی تنظیموں کے حملوں سے محفوظ رہ سکیں گے۔ معمول کے مطابق لڑائی، جھگڑے اور فائرنگ کے واقعات میں ایک، دو ہلاکتیں (جو یقیناً نہیں ہونی چاہیے تھیں) ہوئیں مگر کالعدم عسکری تنظیموں کے کسی بڑے اور خاص طور پر خودکش حملے کی خبر رات کے آخری پہر تک نہیں ملی۔ میں تربت اور گوادر کے دوستوں سے مستقل رابطے میں تھا کہ ٹرن آؤٹ کیسا رہا، اس سے بھی زیادہ فکرمندی کا اظہار امن و امان کے حوالے سے کیا۔ بلوچستان کے 32 اضلاع کے 4245 وارڈ کے نتائج آنا شروع ہوئے تو بلوچستان کی سیاست کے ایک طالب علم کی حیثیت سے مجموعی طور پر انتخابی نتائج توقع کے مطابق تھے۔ مگر سابق وزیر اعلیٰ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ کی نیشنل پارٹی کی ڈسٹرکٹ تربت میں شاندار کامیابی اور بی این پی مینگل کی صرف 18 نشستوں پر کامیابی چونکا دینے والی تھی۔

سی پیک کے پس منظر میں مکران کے سب سے حساس شہر گوادر میں مولانا ہدایت الرحمن کی حق دو تحریک کو فقید المثال کامیابی حاصل ہوئی۔ مجھے اس کامیابی پر حیرت اس لیے نہیں ہوئی کہ گزشتہ سال کے اختتام پر مولانا ہدایت الرحمن کے 32 روزہ دھرنے نے جو شہرت حاصل کرنے کے ساتھ کامیابی حاصل کی تھی اس کی بازگشت گوادر کے محلوں اور چوکوں میں زبان خلق سے سن چکا تھا۔ اب مولانا ہدایت الرحمن کا نام آیا ہے تو اس سے سرسری طور پر نہیں گزرا جا سکتا کہ مولانا کا تعلق پاکستان کی سب سے منظم مذہبی تنظیم جماعت اسلامی سے ہے جسے انتخابی محاذ پر نصف دہائی میں قومی، صوبائی اور بلدیاتی انتخابات میں کوئی قابل ذکر کامیابی نہیں ملی۔

فروری میں جب گوادر میں حق دو تحریک اور اس کے قائد مولانا ہدایت الرحمن کے دھرنے کی خبریں ملنے لگیں تو اسے کوئٹہ اور اسلام آباد کی اسٹیبلشمنٹ تو کیا ہمارے نام نہاد مین اسٹریم میڈیا نے بھی کوئی اہمیت نہیں دی۔ بعد ازاں جب گوادر جیسے تقریباً 2 لاکھ آبادی والے شہر میں ہزاروں افراد کے دھرنے (جس میں خواتین کی ایک بڑی تعداد بھی دیکھنے میں آئی) نے پہلے مکران اور پھر سارے بلوچستان اور اس سے ملحق سرحدوں کو اپنی لپیٹ میں لینا شروع کیا تو پھر کیا کوئٹہ کیا اسلام آباد۔ پھر مجھ سمیت میڈیا کے سارے سرخیلوں کے لیے مولانا ہدایت الرحمن most wanted person بن گئے۔ خوش آئند بات یہ تھی کہ بغیر کسی خون خرابے کے مولانا ہدایت الرحمن کی تحریک چند بڑے مطالبات منوانے میں کامیاب ہو گئی۔ مولانا ہدایت الرحمن آج گوادر ہی نہیں مکران میں ایک لیجنڈری کردار بن گئے ہیں۔

یقیناً تربت، گوادر اور مجموعی طور پر بلوچستان کے بلدیاتی انتخابات جس میں ووٹنگ کی شرح 60 فیصد رہی، برسوں سے جلتے سلگتے بلوچستان میں ایک امید کی کرن ضرور کہلائے جا سکتے ہیں۔ یہ بات بھی اہم ہے کہ اس ٹرن آؤٹ سے کوئٹہ پر حکمرانی کرنے والی اسٹیبلشمنٹ، مزاحمتی تنظیموں کے حوالے سے کسی خوش فہمی میں نہ رہے کہ بہرحال تعمیر کے مقابلے تخریب کا راستہ آسان بھی ہوتا ہے اور عام سادہ لوح محروم نوجوانوں کے لیے پرکشش بھی۔ یہ سوال بھی اپنی جگہ موجود ہے کہ کیا بلدیاتی انتخابات سے ابھرنے والی قیادت مستقبل کے قومی انتخابات میں بڑی کامیابی حاصل کر سکے گی؟ بلوچوں کی سیاسی اور مزاحمتی تاریخ پر نظر رکھنے والے ایک طالبعلم کی حیثیت سے توقع رکھوں گا کہ اسلام آباد میں بیٹھے کوئٹہ سے باپوں کے ذریعے بلوچستان کی سیاسی مزاحمتی تحریکوں کو وقتی طور پر بذریعہ طاقت ختم تو کر سکتے ہیں مگر دہائیوں سے پروان چڑھنے والی مزاحمتی تنظیموں اور ان کی قیادت کی سوچ اب سرحدوں سے باہر نکل چکی ہے اور اسے پروان چڑھانے میں ایک نہیں، دو نہیں کئی روایتی دشمن اپنا حصہ ڈالنے میں بھرپور کردار ادا کر رہے ہیں۔ 26 اپریل کو کراچی میں اس خودکش حملہ آور خاتون نے چینیوں کو ہلاک کیا تھا جس کے بعد بڑی پکڑ دھکڑ بھی ہوئی اور اس کے نیٹ ورک تک پہنچنے کے لیے سیکڑوں گرفتاریاں بھی ہوئیں۔ گزشتہ ہفتے بلوچستان حکومت کی ایک ترجمان نے ایک اور خودکش حملہ آور خاتون کو گرفتار کرنے کے ساتھ یہ انکشاف بھی کیا تھا کہ ایک سے زیادہ خواتین کو بی ایل اے کی 'مجید بریگیڈ' خودکش حملوں کے لیے تربیت دے رہی ہے۔ تربیت دینے والے کہیں اور نہیں ہمارے پڑوسی ملک میں بیٹھے ہیں۔ یقیناً اسلام آباد میں بیٹھی اسٹیبلشمنٹ اس سے مکمل طور پر آگاہ ہوگی مگر بدقسمتی سے یہ سوچ غالب ہے کہ ان سے محض بندوق کی زبان میں ہی بات کی جائے۔ ہماری اسٹیبلشمنٹ کے پیش نظر یہ بات رہنی چاہیے کہ ساری دنیا میں بالآخر مزاحمتی علیحدگی پسند تنظیموں کے ساتھ ریاست کے مستقبل کے لیے بات چیت کرنی ہی پڑتی ہے۔ اس حوالے سے جتنی تاخیر ہوگی نقصان بھی اتنا ہی زیادہ ہوگا۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
OF PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily JANG QUETTA

Bullet No:

Dated: 04 JUN 2022

Page #



کوئٹہ: صوبائی مشیر داخلہ ضیاء لانگو اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں



صوبائی وزیر بلدیات سردار صالح بھوتانی عبدالستار روڈ کا دورہ کر رہے ہیں